احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 7مارچ 2007ء

روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 7مارچ 2007ء 17صفر 1428ہجری 7 امان 1386ہش جلد 57-92 نمبر 51

اولاد سے پیاری نماز

حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہؐ کے ہمراہ جہینہ قبیلہ سے سخت جنگ کی۔ جب ہم نے نماز ظہر ادا کی تو مشرکوں نے کہا اگر ہم (حالت نماز میں) ان پر پل پڑتے تو انہیں کاٹ کر رکھ دیتے ابھی ان کی ایک اور نماز آئے گی جو انہیں اولاد سے بھی زیادہ پیاری ہے۔ یہ بات جبریلؑ نے رسول اللہؐ کو بتادی۔ چنانچہ عصر کے وقت نماز خوف ادا کی گئی۔ کچھ صحابہ نے رسول اللہ کے پیچھے نماز شروع کی اور کچھ دشمن کے سامنے کھڑے رہے اور پھر سب نے جگہ بدل کر یہی کارروائی کی۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب صلوٰۃ الخوف حدیث نمبر:1388)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

میں دیکھتا ہوں کہ لوگ نمازوں میں غافل اور سست اس لئے ہوتے ہیں کہ ان کو اس لذت اور سرور سے اطلاع نہیں جو اللہ تعالیٰ نے نماز کے اندر رکھا ہے اور بڑی بھاری وجہ اس کی یہی ہے۔ پھر شہروں اور گاؤں میں تو اور بھی سستی اور غفلت ہوتی ہے۔ سو پچاسواں حصہ بھی تو پوری مستعدی اور سچی محبت سے اپنے مولا حقیقی کے حضور سر نہیں جھکاتا۔ پھر سوال یہی پیدا ہوتا ہے کہ کیوں؟ ان کو اس لذت کی اطلاع نہیں اور نہ کبھی انہوں نے اس مزہ کو چکھا اور .... یہ لوگ بہت ہی قابل رحم ہیں۔ بعض لوگ یہاں بھی ایسے ہیں کہ ان کی دکانیں دیکھو تو .... کے نیچے ہیں۔ مگر کبھی جا کر کھڑے بھی تو نہیں ہوتے۔ پس میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ سے نہایت سوز اور ایک جوش کے ساتھ یہ دعا مانگنی چاہئے کہ جس طرح پھلوں اور اشیاء کی طرح طرح کی لذتیں عطا کی ہیں۔ نماز اور عبادت کا بھی ایک بار مزہ چکھا دے۔ کھایا ہوا یاد رہتا ہے۔ دیکھو اگر کوئی شخص کسی خوبصورت کو ایک سرور کے ساتھ دیکھتا ہے، تو وہ اسے خوب یاد رہتا ہے اور پھر اگر کسی بدشکل اور مکروہ ہیئت کو دیکھتا ہے، تو اس کی ساری حالت بہ اعتبار اس کے مجسم ہو کر سامنے آجاتی ہے۔ ہاں۔ اگر کوئی تعلق نہ ہو تو، کچھ یاد نہیں رہتا۔ اسی طرح بے نمازوں کے نزدیک نماز ایک تاوان ہے کہ ناحق صبح اٹھ کر سردی میں وضو کر کے خوابِ راحت چھوڑ کر کئی قسم کی آسائشوں کو کھو کر پڑھنی پڑتی ہے اصل بات یہ ہے کہ اسے بیزاری ہے، وہ اس کو سمجھ نہیں سکتا۔ اس لذت اور راحت سے جو نماز میں ہے اس کو اطلاع نہیں ہے پھر نماز میں لذت کیونکر حاصل ہو۔ میں دیکھتا ہوں کہ ایک شرابی اور نشہ باز انسان کو جب سرور نہیں آتا، تو وہ پے در پے پیالے پیتا جاتا ہے، یہاں تک کہ اس کو ایک قسم کا نشہ آجاتا ہے۔ دانشمند اور بزرگ انسان اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے اور وہ یہ کہ نماز پر دوام کرے اور پڑھتا جاوے۔ یہاں تک کہ اس کو سرور آجاوے اور جیسے شرابی کے ذہن میں ایک لذت ہوتی ہے، جس کا حاصل کرنا اس کا مقصود بالذات ہوتا ہے۔ اسی طرح سے ذہن میں اور ساری طاقتوں کا رجحان نماز میں اسی سرور کا حاصل کرنا ہو اور پھر ایک خلوص اور جوش کے ساتھ کم از کم اس نشہ باز کے اضطراب اور قلق و کرب کی مانند ہی ایک دعا پیدا ہو کہ وہ لذت حاصل ہو تو میں کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں کہ یقیناً یقیناً وہ لذت حاصل ہو جاوے گی۔ پھر نماز پڑھتے وقت ان مفاد کا حاصل کرنا بھی ملحوظ ہو جو اس سے ہوتے ہیں اور احسان پیش نظر رہے............ (ھود:115) یعنی نیکیاں یا نماز بدیوں کو دور کرتی ہے یا دوسرے مقام پر فرمایا ہے۔ نماز فواحش اور برائیوں سے بچاتی ہے اور ہم دیکھتے ہیں کہ بعض لوگ باوجود نماز پڑھنے کے پھر بدیاں کرتے ہیں۔ اس کا جواب یہ ہے کہ وہ نمازیں پڑھتے ہیں، مگر نہ روح اور راستی کے ساتھ۔ وہ صرف رسم اور عادت کے طور پر ٹکریں مارتے ہیں۔ ان کی روح مردہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام حسنات نہیں رکھا اور یہاں جو حسنات کا لفظ رکھا الصلوٰۃ کا لفظ نہیں رکھا۔ باوجودیکہ معنے وہی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تا نماز کی خوبی اور حسن و جمال کی طرف اشارہ کرے کہ وہ نماز بدیوں کو دور کرتی ہے جو اپنے اندر ایک سچائی کی روح رکھتی ہے اور فیض کی تاثیر اس میں موجود ہے۔ وہ نماز یقیناً یقیناً برائیوں کو دور کرتی ہے۔ نماز نشست و برخاست کا نام نہیں ہے۔ نماز کا مغز اور روح وہ دعا ہے جو ایک لذت اور سرور اپنے اندر رکھتی ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 103)

احمدی میڈیکل پروفیشنلز متوجہ ہوں

احمدی میڈیکل پروفیشنلز کے درمیان باہمی رابطہ کیلئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی منظوری سے احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان قائم ہے تمام احمدی میڈیکل و ڈینٹل ڈاکٹرز اور سٹوڈنٹس سے درخواست ہے کہ فوری طور پر اپنے کوائف مع پتہ و ٹیلی فون نمبرز سے سیکرٹری ایسوسی ایشن کو مندرجہ ذیل پتہ پر آگاہ فرماویں۔

ڈاکٹر سلطان احمد مبشر (سیکرٹری ایسوسی ایشن)
فضل عمر ہسپتال ربوہ فون 047-6211373
6213970,6213909,6215646
فیکس:047-6212659
ای میل:amapak@gmail.com
(سیکرٹری احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن پاکستان)

ضرورت اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ

(برائے ہاسٹل مدرسۃ الحفظ ربوہ)

ہاسٹل مدرسۃ الحفظ طلباء نظارت تعلیم کیلئے ایک عدد اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کی ضرورت ہے۔ خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے ایسے امیدواران جو درج ذیل اہلیت کے حامل ہوں درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔

اہلیت

1۔ امیدوار کی تعلیمی قابلیت میٹرک ہو۔
2۔ امیدوار کی عمر چالیس سے پینتالیس سال کے درمیان ہو۔
3۔ امیدوار انتظامی امور کا تجربہ رکھتا ہو۔

تصدیق شدہ درخواست بمع کاغذات اور مکمل ایڈریس و فون نمبر 20 مارچ 2007ء تک نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔ انٹرویو کیلئے درخواست پر درج شدہ فون نمبر پر اطلاع کردی جائیگی۔

(پرنسپل مدرسۃ الحفظ)

طاہر ہومیو پیتھک کلینک بند رہے گا

طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ مورخہ 20 تا 31 مارچ 2007ء بیرون ربوہ سے آنے والے مریضوں کیلئے بند رہے گا۔ احباب نوٹ فرما لیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

احمدیہ ٹیلی ویژن انٹرنیشنل کے پروگرام

جمعہ 9 مارچ 2007ء

5-00 am	تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
5-50 am	سیرت النبیؐ
6-40 am	لقاء مع العرب
7-40 am	دورہ حضور انور
8-45 am	ترجمۃ القرآن
10-10 am	مشاعرہ
11-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-15 pm	سرائیکی سروس
2-15 pm	اردو ملاقات
3-20 pm	انڈونیشین سروس
4-30 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
5-00 pm	تلاوت، ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
6-00 pm	خطبہ جمعہ (لائیو)
7-15 pm	درس حدیث
7-30 pm	بنگلہ ملاقات
8-30 pm	سیرت صحابہ رسولؐ
9-00 pm	خطبہ جمعہ
10-05 pm	انٹرویو
10-50 pm	فرنچ پروگرام
11-30 pm	عربی سروس

ہفتہ 10 مارچ 2007ء

1-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خاص خبریں
2-10 am	خطبہ جمعہ
3-10 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
3-45 am	اردو ملاقات
5-00 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 am	فرنچ سروس
6-30 am	لقاء مع العرب
7-35 am	خطبہ جمعہ
8-45 am	بنگلہ ملاقات
9-45 am	انٹرویو
10-30 am	سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
11-00 am	تلاوت، درس حدیث، جماعتی خبریں
12-05 pm	گلشن وقف نو
1-10 pm	رفقائے احمد
1-50 pm	خطبہ جمعہ
2-55 pm	انڈونیشین سروس
3-55 pm	فرنچ سروس
5-00 pm	تلاوت، ایم۔ٹی۔اے جماعتی خبریں
5-55 pm	بنگالی سروس
7-00 pm	انتخاب سخن
8-00 pm	چلڈرنز کلاس
9-10 pm	رفقائے احمد
9-45 pm	سوال و جواب
10-40 pm	مشاعرہ
11-30 pm	عربی سروس

اتوار 11 مارچ 2007ء

1-30 am	ایم۔ ٹی۔ اے بین الاقوامی جماعتی خبریں
2-05 am	چلڈرنز کلاس
3-05 am	سیرت رفقائے احمد
4-00 am	خطبہ جمعہ
5-05 am	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 am	قرآن کوئز
6-25 am	لقاء مع العرب
7-35 am	کڈز میٹر
8-05 am	خطبہ جمعہ
9-20 am	مشاعرہ
10-05 am	ایم۔ٹی۔اے ورائٹی
10-30 am	قرآن کوئز
11-00 am	تلاوت، خبریں
12-00 pm	چلڈرنز کلاس
1-15 pm	عربی سیکھئے
1-35 pm	اسٹرانومی، تعارف
2-05 pm	دورہ حضور انور جرمنی
2-30 pm	کڈز میٹر
3-00 pm	انڈونیشین سروس
4-00 pm	خطبہ جمعہ
5-00 pm	تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-10 pm	بنگلہ سروس
7-10 pm	خطبہ جمعہ
8-10 pm	گلشن وقف نو
9-30 pm	دورہ حضور انور
10-00 pm	سوال و جواب
10-45 pm	عملی اسٹرانومی
11-30 pm	عربی سروس

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

سانحہ ارتحال

مکرم عبدالکبیر قمر صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی نانی جان محترمہ سلیمہ بی بی صاحبہ بیوہ محترم ایم صلاح الدین صاحب مرحوم آف چک چٹھہ بقضائے الٰہی مورخہ 13 فروری 2007ء کو بعمر 77 سال چک چٹھہ میں وفات پا گئیں۔ آپ خدا تعالیٰ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ اسی دن آپ کا جنازہ ربوہ لایا گیا۔ چک چٹھہ میں آپ کی نماز جنازہ مکرم ارشاد احمد صاحب انور مربی سلسلہ حافظ آباد شہر نے پڑھائی۔ دارالضیافت ربوہ میں مکرم ضمیر احمد ندیم صاحب مربی سلسلہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ میں تدفین کے بعد دعا بھی آپ نے ہی کروائی۔ مرحومہ کے تین بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں اور سب شادی شدہ ہیں۔ بیٹے چک چٹھہ میں مقیم ہیں اور چونڈہ فرنیچر ہاؤس والوں کے نام سے مشہور ہیں۔ بڑے بیٹے مکرم افتخار الدین قمر صاحب سیکرٹری مال جماعت چک چٹھہ ہیں۔ چھوٹے بیٹے مکرم ضیاء الدین ظفر صاحب نائب ناظم تجنید انصاراللہ علاقہ گوجرانوالہ ہیں۔ بیٹی مکرمہ بشریٰ کریم صاحبہ زوجہ مکرم عبدالکریم قدسی صاحب آف لاہور دوسری بیٹی مکرمہ جمیلہ منور صاحبہ زوجہ مکرم عبدالسلام منور صاحب آف کینیڈا ہیں۔ چھوٹے بیٹے مکرم نورالدین منور صاحب نائب ناظم اشاعت انصاراللہ ضلع حافظ آباد ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انہیں غریق رحمت کرے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

اعلان داخلہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے سمسٹر بہار 2007ء میں درج ذیل پروگرامز میں داخلہ آفر کیا ہے۔

(i) پی ایچ ڈی (ii) ایم فل/ایم ایس (پی ایچ ڈی کیلئے) (iii) ایم ایس آنرز (iv) ایم ایس کمپیوٹر سائنس (v) ایم ایس سی (vi) ایم بی اے (vii) ایم اے (viii) ایم ایڈ (ix) پوسٹ گریجوٹ ڈپلومہ (x) بیچلرز پروگرام (xi) تربیت اساتذہ پروگرام (xii) اعلیٰ ثانوی سکول سرٹیفکیٹ (xiii) سیکنڈری سکول (xiv) درس نظامی (xv) سرٹیفکیٹ کورسز (xvi) ٹیکنیکل اور زرعی کورس (xvii) اوپن ٹیک کورسز (xviii) شارٹ ٹرم تعلیمی پروگرام داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 مارچ 2007ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 25 فروری 2007ء ملاحظہ کریں یا ویب سائٹ www.aiou.edu.pk وزٹ کریں۔

(نظارت تعلیم)

سانحہ ارتحال

مکرم مرزا محمد احمد صاحب ہڈیارہ ضلع لاہور تحریر کرتے ہیں کہ میری بڑی ہمشیرہ محترمہ نصیرہ سعید صاحبہ اہلیہ مکرم حاجی سعید احمد صاحب مرحوم برین ہیمبرج کی وجہ سے 20 فروری 2007ء کو جنرل ہسپتال لاہور میں بعمر 51 سال انتقال کر گئیں۔ جنازہ ان کے گھر لالہ موسیٰ لے جایا گیا جہاں مورخہ 21 فروری 2007ء کو ان کی نماز جنازہ مکرم وسیم احمد بسراء صاحب معلم سلسلہ نے پڑھائی اور تدفین کے بعد آپ نے ہی دعا کروائی۔ مرحومہ نے سوگواران میں 2 بیٹے اور 2 بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ مرحومہ مکرم مرزا محمد صادق صاحب مرحوم سابق صدر جماعت ہڈیارہ ضلع لاہور کی بڑی بیٹی تھیں۔ احباب جماعت سے ان کی بلندی درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی درخواست ہے نیز پسماندگان کو اللہ تعالیٰ صبر جمیل عطا فرمائے اور ہمیشہ اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

سانحہ ارتحال

مکرمہ امۃ النور صاحبہ دارالفتوح شرقی ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میری پیاری بہن مکرمہ شاہدہ پروین صاحبہ اہلیہ مکرم محمود احمد صاحب شاہ فیصل کالونی کراچی مورخہ 10 فروری 2007ء کو برین ہیمبرج کی وجہ سے انتقال کر گئیں مرحومہ بہت پیار کرنے والی خوش مزاج اور زندہ دل خاتون تھیں اپنے حلقہ میں بڑی ہر دلعزیز شخصیت تھیں۔ ان کی وفات سے پورے خاندان کو بے حد صدمہ ہوا مرحومہ کی عمر 36 سال تھی آپ کی نماز جنازہ مورخہ 13 فروری 2007 کو مکرم عطاالوہاب صاحب مربی سلسلہ نے بعد نماز فجر بیت المحمود ربوہ میں پڑھائی اور بعد از تدفین مکرم مختار احمد ڈوگر صاحب صدر محلّہ دارالرحمت شرقی الف ربوہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ نے اپنی یادگار دو بیٹے اور تین بیٹیاں چھوڑی ہیں چھوٹی بچی کی عمر 7 سال ہے مرحومہ کی مغفرت کیلئے اور اس کے بچوں کیلئے احباب کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

ضرورت خادم برائے بیت الذکر

بیت الکریم ٹاؤن شپ لاہور کیلئے ایک مستعد خادم، عمر کم از کم 35 سال کی ضرورت ہے۔ سنگل رہائش دی جائے گی۔ خواہشمند حضرات اپنے صدر صاحب حلقہ کی سفارش کے ساتھ جلد از جلد رابطہ فرمائیں۔

(صدر حلقہ ٹاؤن شپ لاہور: 0333-4478323)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

اخلاق فاضلہ سے دنیا میں امن قائم ہوسکتا ہے

سورۃ فاتحہ میں بیان شدہ صفات اللہ کا خلاصہ رحم اور عفو ہے

حضرت مصلح موعود کا خطبہ جمعہ فرمودہ 30/ اکتوبر 1925ء

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد فرمایا:

آج میں اپنے اس مضمون کو ترک کر کے جس کا سلسلہ گزشتہ چند جمعوں کے خطبات میں جاری تھا۔ اپنی جماعت کے دوستوں کو اس طرف متوجہ کرنا چاہتا ہوں کہ اخلاق فاضلہ جس حد تک دنیا میں امن اور امان قائم رکھنے میں ممد و معاون ہو سکتے ہیں اور کوئی شے اس حد تک نہیں ہو سکتی۔ اخلاق فاضلہ کے یہ معنی ہرگز نہیں کہ اپنے حق سے زیادہ مانگا جائے اور نہ مانگنا ظلم نہیں۔

حضرت مسیح موعود ہمیشہ مثال کے طور پر فرمایا کرتے تھے کہ کسی کے ہاں مہمان آیا۔ صاحب خانہ نے دل کھول کر اس کی خاطر و مدارت کی اور جب مہمان رخصت ہو کر روانہ ہونے لگا۔ تو میزبان نے معذرت کرتے ہوئے کہا۔ میں آپ کی اس طرح خدمت نہیں کر سکا جیسی کہ کرنی چاہئے تھی۔ جو کچھ میں نے کیا وہ آپ کی شان کے لائق نہ تھا۔ اس لئے اگر کوئی غلطی ہو گئی ہو تو معاف فرمائیں۔ مہمان نے جواب دیا آپ نے مجھ پر کوئی احسان نہیں کیا۔ جو آپ اس رنگ میں اپنا احسان مجھ پر جتانا چاہتے ہیں۔ احسان تو میرا ہے آپ پر اور آپ الٹا اپنا احسان مجھ پر جتاتے ہیں۔ اس پر میزبان نے کہا کہ میں کوئی احسان نہیں جتا رہا۔ بلکہ میں تو اپنی کوتاہی کے لئے عذرخواہی کر رہا ہوں۔ جو آپ کی تواضع کرنے میں مجھ سے ہو گئی ہو۔ لیکن اگر مجھے یہ بھی معلوم ہو جائے کہ آپ نے مجھ پر احسان بھی کیا ہے۔ تو میں اور بھی ممنون ہوں گا۔ اس پر مہمان نے کہا۔ اگر اور باتوں کو میں چھوڑ بھی دوں تو بھی میرا یہ احسان کیا کم ہے کہ میں نے تمہارے ہزاروں روپے کے مال کو آگ نہ لگائی۔ جب تم میرے لئے اندر کھانا لینے جاتے تھے۔ اس وقت میرے لئے یہ آسان تھا کہ میں مکان کو آگ لگا دیتا۔ مگر میں نے ایسا نہیں کیا۔ تم ذرا سوچو تو سہی۔ اگر میں آگ لگا دیتا تو میرا کیا کر سکتے تھے۔ کیا یہ میرا احسان نہیں ہے؟ جب مہمان نے اس قسم کی باتیں کیں۔ تب میزبان پر یہ بات کھلی کہ یہ شخص کس اخلاق کا آدمی ہے۔ پس اگر احسان کے یہ معنی ہیں کہ کسی کو نقصان نہ پہنچایا جائے تو یہ غلط ہے کیونکہ کسی کو نقصان نہ پہنچانا احسان نہیں اس شخص نے زیادہ سے زیادہ اگر کچھ کیا تو یہ کیا کہ اسے نقصان نہیں پہنچایا۔ اب اس نقصان نہ پہنچانے کو وہ احسان سمجھتا تھا جو سراسر غلط ہے۔

بعض آدمی سمجھتے ہیں کہ ہم نے کسی کو نقصان نہیں پہنچایا اور اس پر خوش ہوتے ہیں کہ ہم نے احسان کیا۔ مگر یہ بات کوئی ایسی بات نہیں جس پر فخر کیا جائے۔ کیونکہ کسی کو نقصان نہ پہنچانا احسان نہیں ہے۔ بلکہ ظلم سے رکنا ہے اور ظلم سے رکنا اور احسان کرنا دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ وہ شخص بڑا ہی احمق ہے۔ جو ان دونوں میں تمیز نہیں رکھتا اور میرے نزدیک ظلم سے رکنے کو احسان سمجھنا پرلے درجہ کی مسخ شدہ فطرت کا کام ہے۔

احسان یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے قصور کیا ہے اور جس کا اس نے قصور کیا ہے۔ اگر وہ یہ دیکھ کر اسے معاف کر دے کہ سزا سے الٹا اثر ہو گا اور بجائے اصلاح کے سزا فساد پیدا کرے گی۔ تو یہ احسان ہے۔ کیونکہ اس میں اس کی بھلائی مقصود ہے۔ چنانچہ بعض لوگ ایسا ہی کرتے ہیں کہ کسی کے قصور کرنے پر وہ دیکھتے ہیں کہ کون سا طریق بہتر ہو گا۔ اگر وہ سزا دینے میں بھلائی پاتے ہیں تو اسے سزا دیتے ہیں اور اگر معاف کرنا بہتر نظر آتا ہے تو اسے معاف کر دیتے ہیں۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ بہت سے لوگ قصوروں کی معافی کے لئے تیار نہیں ہوتے اور جھٹ بدلہ لینے پر تل جاتے ہیں۔ خواہ بدلہ لینے میں اس سے بڑھ کر ہی نقصان کیوں نہ ہو۔

کسی کا نام لینے کی ضرورت نہیں۔ لمبے عرصہ کی بات ہے۔ ایک شخص کی بیوی فوت ہو گئی اس کا جنازہ یہاں شہر سے باہر لا کر رکھا گیا۔ چونکہ ایسے موقعوں پر عورتوں کا جانا مناسب نہیں ہوتا اور نہ ہی عورتیں میت کے ہمراہ جایا کرتی ہیں۔ پھر ان کے لئے ایسے مقامات پر جانا پسندیدہ بھی نہیں۔ اس لئے ہمارے ہاں کی عورتیں نہ گئیں۔ میں اس وقت قادیان میں نہ تھا۔ باہر گیا ہوا تھا۔ جب واپس آیا تو میں نے اس شخص کو تعزیت کا خط لکھا۔ اس نے جواب میں لکھا۔ میں اس تعزیت کا ممنون ہوں۔ بیشک آپ نے میرے ساتھ ہمدردی کا اظہار فرمایا اور بیشک آپ نے میرے دل کے زخموں پر پھاہا رکھا۔ لیکن افسوس کہ آپ کے گھر کی عورتیں اس موقع پر نہ آئیں۔ یہ ایسا ظلم ہے کہ میں کبھی بھلا نہیں سکتا۔ اگرچہ اس شخص نے یہ کہا کہ میں اسے کبھی نہیں بھلا سکتا۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ اس نے اب یہ بات بھلا دی ہو گی۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں۔ انسانی فطرت ہمیشہ ایسی باتیں یاد نہیں رکھ سکتی۔ اگرچہ اس کو میرے ساتھ اختلاف ہے مگر میرا خیال ہے کہ اس قسم کے شکوے اب مٹ چکے ہوں گے اور اس شخص نے بھی ان باتوں کو بھلا دیا ہو گا۔ کیونکہ یہ کوئی اچھے اخلاق نہیں کہ اس قسم کی باتوں کو یاد رکھا جائے۔

مگر بعض لوگ دیر تک شکووں کو یاد رکھتے ہیں۔ ایک شخص نے لکھا ہے کہ یہاں ایک میت ہو گئی ہے اور اس کے لواحقین نے کہا مرنے والی نے کہا تھا۔ فلاں فلاں عورتیں میرے جنازے پر نہ آئیں۔ مرنے والی تو مر گئی اب یہ زندوں کے سر پر تھا کہ اگر اس قسم کی بات ہوئی بھی تھی تو اس کا ذکر نہ کرتے۔ اس طرح گویا وہ ان شکووں کو پھر تازہ کرتے ہیں جو ایک فریق کے مرنے سے مٹ چلے تھے۔ اگر کسی مرنے والی نے ایسا کہا ہو تو میں کہوں گا وہ ہذیان تھا یا بیماری کا اثر کہ اس نے ایسی باتیں کہیں۔ ورنہ جب موت قریب ہوتی ہے تو اس وقت مرنے والا یہ دیکھ کر کہ میں کوئی دم کا مہمان ہوں اپنے قلب سے ہر قسم کے بغض نکال دیا کرتا ہے۔ چنانچہ یہ ایک عام بات ہے اور ہر شخص جانتا ہے کہ لوگ جب موت کے قریب ہوتے ہیں تو اکثر دوسروں سے کہے سنے کی معافی مانگتے ہیں اور خود بھی دوسروں کی خطائیں اور قصور معاف کر دیتے ہیں۔ پس ایسے وقت میں جبکہ لوگ تلاش کر کر کے قصوروں کی معافی کراتے ہیں۔ یہ کہنا کہ کسی مرنے والی نے ایسی وصیت کی تھی۔ بالکل فضول ہے اور پھر اس کے مطابق عمل کرنا یہ اور بھی واہیات سی بات ہے۔ کیونکہ جب یہ ایک عام بات ہے کہ ایسے وقت میں لوگ دوسروں سے معافی مانگتے اور خود بھی ان کو معافی دیتے ہیں۔ تو اگر کوئی اس قسم کی بات کرے اور اس قسم کی وصیت کرے کہ فلاں عورت میرے جنازے پر نہ آئے۔ یا فلاں مرد میرے جنازے کو ہاتھ نہ لگائے تو یہ یا تو بیماری کا اثر ہے یا ہذیان ہے جس کی فی الحقیقت کوئی اصل نہیں اور جب اس قسم کی باتیں ہذیان سے زیادہ نہیں۔ تو پھر زندوں کا اس کے مطابق عمل کرنا درست نہیں۔

عربوں میں تو یہ دستور تھا کہ کسی کی جانکنی کے وقت وہ لوگوں کو پکڑ پکڑ کر لاتے اور ان سے مرنے والے کو معافی دلاتے اور اس سے ان کو اور اگر جانکنی کے وقت کسی کو زیادہ تکلیف ہوتی تو وہ سمجھتے کہ شاید اس کی معافی نہیں ہوئی اور جب کبھی اس قسم کا واقعہ ہوتا وہ شہر والوں اور تمام ان لوگوں کے پاس جاتے جن کے ساتھ مرنے والے کا تعلق ہوتا یا جن کے ساتھ اس کا پیار و محبت ہوتا تھا۔ ان کو لا کر معافی کراتے۔ پس جبکہ یہ ایک عام بات ہے اور مرتے وقت انسان ایسے خیال رکھتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ معافی کرا اور کرا لوں۔ تو یہ امید نہیں رکھی جاتی کہ کوئی مرنے والا ایسی وصیت کر جائے کہ جس کے مرنے کے بعد بھی جھگڑا پیدا ہو یا وہ اس قسم کی کوشش کرے کہ اس جھگڑے کو جو اس کی زندگی میں پیدا ہو۔ اس کے مرنے کے بعد بھی قائم رکھا جائے اور اگر ہو تو ہذیان ہو گا اور کسی عقلمند کے لئے یہ مناسب نہیں کہ اس کی پابندی کرے پس اگر ایسا ہو اور کسی جگہ اس قسم کا معاملہ پیش آ جائے کہ سچ مچ کسی مرنے والے انسان نے اس قسم کی باتیں کہی ہوں اور ہوش و حواس کے ساتھ کہی ہوں تو بھی لواحقین کو چاہئے کہ وہ اس قسم کی باتوں کو چھپائیں نہ کہ ظاہر کریں کیونکہ اس طرح مرنے والے کی برائی پھیلے گی نہ کہ نیکی۔

اس سے زیادہ کیا برائی ہو سکتی ہے کہ زندہ لوگ مرنے والے کے ذکر کے ساتھ ایسی بات لگا دیں کہ جس سے اس کا ذکر ہمیشہ کے لئے برے طریق سے کیا جائے۔ ایسے موقعوں پر تو اس قسم کی باتوں کو چھپانا چاہئے نہ ان کو ظاہر کر کے ان کے موافق عمل کرنا چاہئے۔ آخر عداوتیں اور جھگڑے دونوں طرف سے ہوتے ہیں۔ اگر یہ دیکھ کر کہ کوئی ہمدردی کے لئے آتا ہے۔ ہم اس کی پرواہ نہ کریں اور اس کی ہمدردی کی قدر نہ کریں۔ تو یہ ہمارا قصور ہے۔ جھگڑوں کو مٹانے اور عداوتوں کو دور کرنے کے لئے کوئی شخص قدم اٹھائے یا صلح کے لئے ہاتھ بڑھائے اور ہم اگر ہاتھ کھینچ لیں تو افتراق اور شقاق اور فساد کا الزام ہم پر ہے۔ مرنے والا تو مر گیا۔ اب یہ جھگڑا زندے پیدا کرتے ہیں کہ فلاں مرنے والا یہ کہہ گیا تھا۔ پس اگر کوئی ایسا کرتا ہے تو وہ مرنے والے کے ذکر کے ساتھ ایسی باتیں لگاتا ہے جو ہمیشہ اس کو برا بنا دیں۔ پس اس سے بچنا چاہئے۔

بدلہ لینا (دین) کی تعلیم نہیں لیکن (دین) کی یہ تعلیم بھی نہیں کہ بدلہ نہ لو۔ (دین) تو یہ سکھاتا ہے کہ موقع کے مناسب کارروائی کرو۔ اگر بدلہ لینا مفید ہے اور قصوروار کی بہتری اسی میں ہے تو بدلہ لو۔ نہیں تو بدلہ نہ لو بلکہ معاف کر دو۔ (دین) کی تعلیم میں یہ کسی جگہ نہیں کہ ضرور ہر موقع پر بدلہ لو یا ہر موقع پر بدلہ نہ لو بلکہ (دین) کی تعلیم میں یہ داخل ہے کہ خواہ کتنا ہی کسی نے تمہارا قصور کیا ہو اور خواہ کتنا ہی اس قصور کی وجہ سے تمہارا غصہ بھڑکا ہوا ہو۔ تم نہ تو آپے سے باہر ہو جاؤ اور بالضرور بدلہ لو اور نہ ہی اس قدر نرم ہو جاؤ کہ بدلے کا نام ہی نہ لو بلکہ تم اس وقت یہ دیکھو کہ قصور کرنے والے کا بھلا کس میں ہے۔ بدلہ لینے میں یا بدلہ نہ لینے میں اور پھر جس میں تمہیں بھلائی نظر آئے وہی کرو۔ مگر افسوس ہے کہ لوگ اس کی طرف توجہ نہیں کرتے اور ایسے موقع پر فوراً بدلہ لینے پر اتر آتے ہیں۔ خواہ اس بدلہ لینے میں کتنا ہی نقصان ہوتا ہو اور وہ شخص کتنا ہی بگڑتا ہو۔ پس اس بات کو یاد رکھنا چاہئے کہ جس طرح (دین) کی یہ تعلیم نہیں کہ ضرور بدلہ لیا جائے۔ اسی طرح اس کی یہ تعلیم بھی نہیں کہ بدلہ نہ لیا جائے بلکہ اس کی تعلیم میں رحم بھی ہے۔

سورۃ فاتحہ جو ام القرآن ہے اور جس کو تمام خوبیوں کا جامع قرار دیا گیا ہے اس میں بھی اللہ تعالیٰ

کی صفات کا خلاصہ یہ چار صفتیں ہی آئی ہیں۔ رب العالمین، الرحمٰن، الرحیم، مالک یوم الدین۔ ان پر غور کر کے دیکھ لو۔ یہ کس قدر مظہریت کا تقاضا کرتی ہیں۔ انسان کا یہ کام ہے کہ وہ ان کا مظہر بن جائے اور اس کی ذات سے، اس کے قول سے، اس کے فعل سے ان کا اظہار ہو۔ خدا تعالیٰ کی ان صفات کا یہ خلاصہ جو سورۂ فاتحہ میں بیان ہوا ہے۔ وہ رحم پر ہی تو دلالت کرتا ہے۔ پس ان کا مظہر بننے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم بھی رحم سے کام لیں اور اس کا صحیح استعمال سیکھیں۔

بیشک بعض موقعوں پر سزا دی جاتی ہے۔ بیشک بعض امور کے لئے خدا تعالیٰ کی طرف سے خوفناک گرفت ہوتی ہے۔ بیشک بعض افعال کے سرزد ہونے پر خطرناک عذاب میں ڈال دیا جاتا ہے اور ایک شخص یہ کہہ سکتا ہے کہ جب خدا تعالیٰ کی صفات کا خلاصہ رحم ہے تو پھر اس رحم کے ہوتے ہوئے یہ عذاب اور یہ سزائیں کیسی؟ مگر اس کا یہ کہنا درست نہیں۔ کیونکہ یہ سزائیں قانون کے طور پر ملتی ہیں نہ کہ غصہ کے سبب یا بدلہ لینے کی نیت سے اور اگر ایک شخص غور کرے تو اس پر فوراً یہ بات کھل جائے کہ قانون کے طور پر بعض سزاؤں کا ملنا ضروری ہے۔ جیسے احکام ظاہری شرعی کی نافرمانی۔ اب اگر ان کے متعلق سزا نہ دی جائے۔ تو ایک ابتری پھیل جائے اور کسی کے دل میں نہ شریعت کی عظمت رہے اور نہ صرف شریعت لانیوالے اور ان شریعتوں کے احکام پر عملدر آمد کرانے والے انبیاء اور دیگر تمام صلحاء اور ائمہ وغیرہم کی قدر ومنزلت اور ان کی اہمیت گھٹ جائے۔ بلکہ خدا تعالیٰ کا خوف بھی کسی کے دل میں نہ رہے۔ پس اس کی خلاف ورزی یا نافرمانی کرنے والے کے لئے بطور قانون کے سزا کا ملنا ضروری ہے اور یہ سزا آئندہ کی اصلاح اور گزشتہ کے لئے بطور کفارہ کے ہوتی ہے اور درحقیقت سچا کفارہ ہے بھی یہی کہ انسان اپنی نافرمانی کے بدلے سزا کو برداشت کرے۔ پس یہ سزائیں جو بعض احکام کی خلاف ورزی کرنے پر بطور قانون ملتی ہیں۔ بطور کفارہ کے ہیں۔ جو رحم ہی ہے نہ کہ غصہ اتارنا یا بدلہ لینا۔

پس غور کر کے دیکھ لو۔ رب العالمین کی صفت رحم پر دلالت کرتی ہے خدا تعالیٰ ربوبیت کرتا ہے اور یہ رحم کی صفت ہے انسان خواہ کچھ ہی کرتا چلا جائے مگر خدا تعالیٰ کی یہ صفت ربوبیت کرنے سے رکتی نہیں بلکہ برابر ربوبیت کرتی چلی جاتی ہے۔ یہ رحم ہی تو ہے کہ ایک ایسی ہستی کی کوتاہیوں اور غلطیوں کے باوجود جو بالکل بیکس اور بے بس ہے۔ خدا تعالیٰ کی یہ صفت برابر ربوبیت کرتی چلی جاتی ہے۔

اسی طرح رحمٰن کی صفت بھی ہے۔ یہ بھی رحم پر دلالت کرتی ہے۔ رحمٰن کے معنی ہیں بے حد رحم کرنے والا۔ اسی طرح رحیم کی صفت بھی رحم پر دلالت کرتی ہے۔ اس کے معنی ہیں بار بار رحم کرنے والا۔ پھر مالک یوم الدین بھی رحم کی صفت ہے۔ یعنی وہ جج ہے مگر مالکانہ طور پر قضا کرتا ہے۔ اس کا اختیار ہے کہ ملزم کو سزا دے یا چھوڑ دے۔ گویا یہ بھی آدھی صفت رحم کی ہوگئی اور چار صفتوں میں سے ساڑھے تین صفات رحم کی ہیں۔ پھر چونکہ مالک یوم الدین کے یہ معنی بھی ہیں کہ خدا تعالیٰ اس دن کا مالک ہے جو جزا اور سزا کا دن ہے۔ اس لئے وہ اگر چاہے تو معاف بھی کر سکتا ہے۔ پس معاف کر دینے کی جو گنجائش اس میں ہے۔ اگر اسے صفت رحم کے ساتھ شامل کر دیں تو اس طرح 3/4 حصہ رحم اور 1/4 سزا کا رہ جاتا ہے۔ کیونکہ مالک کا اختیار ہوتا ہے کہ معاف بھی کر دے لیکن صرف جج ایسا نہیں کر سکتا۔ مثلاً زید کا بکر کے ساتھ جھگڑا ہے اور یہ دونوں مجسٹریٹ کے پاس جاتے ہیں۔ اب اگر مجسٹریٹ یہ دیکھ کر کہ فی الواقع بکر نے زید کا سو روپیہ دینا ہے۔ بکر کو معاف کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا لیکن اگر خود مجسٹریٹ کا ہی روپیہ دینا ہو تو مجسٹریٹ چونکہ اس روپے کا مالک ہوگا۔ وہ اگر چاہے تو اپنا مطالبہ معاف کر سکتا ہے مگر باوجود جج ہونے کے زید کا مطالبہ معاف نہیں کر سکتا اور اس طرح جو حصہ ان چار صفتوں میں سزا کے لئے باقی رہ گیا تھا۔ اس کو بھی مالکیت نے اڑا دیا اور سب صفات کا سولہواں حصہ سزا کا جو رہ جانا تھا وہ بھی نہ رہا۔

سب صفات الٰہیہ رحم پر دلالت کرتی ہیں اور ان میں ذرا بھی ایسی کوئی بات نہیں جو رحم کے منافی ہو۔ لیکن ہوسکتا ہے کسی کے دل میں یہ خیال گزرے کہ سولہواں حصہ تو ضرور سزا کے لئے رہ جاتا ہے۔ مگر یہ بات نہیں۔ مالکیت کے نیچے آ کر تو سوائے رحم کے کچھ نہیں رہتا۔ اس لئے یہ احتمال کہ شائد اس کے ماتحت سزا دی جائے اور رحم کو مدنظر نہ رکھا جائے۔ درست نہیں کیونکہ قرآن کریم نے اس بات کو بالکل صاف کر دیا ہے اور ایک دوسری جگہ پر صاف لفظوں میں فرمایا ہے ...... (الاعراف:157) کہ میری رحمت بہت وسیع ہے اور ہر ایک چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔ پھر یہی نہیں بلکہ صفات غضبیہ پر بھی میری رحمت چھائی ہوئی ہے۔ وہ محدود ہیں مگر رحمت غیر محدود ہے۔ پس خدا تعالیٰ کی رحمت اس قدر وسعت رکھتی ہے کہ کوئی بھی چیز اس کے گھیرے سے باہر نہیں۔ حتیٰ کہ اس کا غضب بھی اس سے باہر نہیں۔ اس طرح جو 1/16 حصہ سزا کا باقی نظر آتا تھا وہ بھی نہ رہا۔

تو اصل حکم شریعت میں عفو کا ہے لیکن مناسب موقع پر۔ یہ نہیں کہ ہر جگہ عفو ہی کیا جائے۔ بعض مواقع ایسے ہوتے ہیں کہ اگر وہاں عفو کیا جائے تو اور بھی نقصان ہوتا ہے۔ اس لئے یہ حکم ہے عفو کرو تو سہی لیکن اس کا موقع اور محل دیکھ لو۔ یہ نہ کرو کہ بے موقع اور بے محل کرو کہ بجائے فائدہ کے الٹا نقصان ہو اور وہ اصلاح جو مقصود ہے اس کے بے محل استعمال سے نہ ہو۔

دراصل بعض سزاؤں میں بھی عفو ہوتا ہے۔ بعض دفعہ کسی کے قصور پر سرزنش کی جاتی ہے یا سزا دی جاتی ہے تو یہ بھی عفو ہوتا ہے۔ کیونکہ اس سے اس کی بھلائی مقصود ہوتی ہے اور اسے آئندہ کے لئے اس غلطی سے بچانا مدنظر ہوتا ہے۔ گو بظاہر یہ عفو نظر نہیں آتا۔ مگر حقیقت میں یہ عفو ہی ہے۔ کیونکہ عفو کا حکم بھی تو اسی لئے ہے کہ دوسرے کے ساتھ بھلائی کی جائے اور جب بھلائی گوشمالی سے ہو تو پھر یہ گوشمالی ہی عفو ہوتی ہے۔ جیسے بعض دفعہ بیمار کو کڑوی دوائی دینا اس پر رحم کرنا ہوتا ہے۔ بیمار ہرگز نہیں چاہتا کہ کڑوی کسیلی دوائیں کھائے لیکن تیماردار اسے ایسی دوائیں کھلاتے ہیں۔ کیونکہ اس میں اس کی بھلائی دیکھتے ہیں۔ ایسے موقع پر یہی رحم ہے خواہ بظاہر مریض کے لئے دوائی کھانا تکلیف کا باعث ہو۔ مگر حقیقت یہی ہے کہ ایسا کرنا مریض پر رحم کرنا ہوتا ہے۔ ایسا ہی بعض دفعہ تھپڑ مارنا جائز ہوتا ہے لیکن اس کے لئے یہ شرط ہے کہ وہ اصلاح کی غرض سے ہو اور رحم کے جذبات کے ماتحت ہو۔ اگر یہ رحم کے جذبات کے ماتحت ہے تو درست ہے ورنہ نہیں۔ ایسا ہی دوسری سزاؤں کے متعلق ہے۔ اگر وہ اصلاح کی غرض سے ہیں اور رحم کے جذبات کے ماتحت ہیں تو جائز ہیں لیکن اگر ایسا نہیں تو پھر ہرگز جائز نہیں اور اگر کوئی شخص غضبیہ جذبات کے ماتحت یا انتقام کی خاطر یا کسی اور وجہ سے کہ جو نہ اصلاح پر دلالت کرتی ہے اور نہ ہی رحم کے ماتحت ہے ایسا کرتا ہے تو غلطی کرتا ہے وہ رحم نہیں کرتا بلکہ ظلم کرتا ہے وہ اصلاح نہیں بلکہ بگاڑتا ہے۔ وہ عفو نہیں کرتا بلکہ انتقام لیتا ہے اور ایسا شخص خود سزا کا مستحق ہے۔

پس میں اپنی جماعت کو توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اخلاق میں رحم اور عفو کا مادہ پیدا کرے۔ ہمارے دوستوں کو چاہئے کہ وہ سزا اگر دیں تو اس لئے دیں کہ دوسرے کی اصلاح ہو اور وہ آئندہ اس قسم کا فعل نہ کرے جو اس کے لئے اور دوسروں کے لئے نقصان دہ ہو۔ نہ اس لئے سزا دیں کہ اس کو تباہ کر دیں۔ ایسا ہی عفو اگر کریں تو اس لئے کہ دوسرے کی بھلائی اس میں مقصود ہو اور رحم کے جذبات کے ماتحت ہو۔ لیکن اگر ایسا نہیں تو اس کے یہ معنی ہوں گے کہ وہ عمدہ اخلاق نہیں رکھتے۔ اخلاق یہی ہے کہ رحم کے موقع پر رحم اور عفو کے موقع پر عفو کیا جائے۔

لوگ سورۂ فاتحہ بار بار پڑھتے ہیں۔ جس میں خدا تعالیٰ کی صفات کا خلاصہ رحم ہے۔ مگر پھر بھی یاد نہیں رکھتے۔ اس کے پڑھنے کی یہ غرض نہیں کہ ہر روز پڑھو اور یونہی گزر جاؤ بلکہ اس کا یہ مطلب ہے کہ اسے ہر وقت یاد رکھو لیکن اگر بار بار پڑھنے کے باوجود اسے یاد نہیں رکھتے۔ تو سمجھ نہیں آتی کہ کس طرح یاد رکھو گے اور کب یاد رکھو گے۔ پس سب احمدیوں کو چاہئے کہ اسے یاد رکھیں اور اپنے اخلاق سنواریں اور رحم اور عفو کو ان کے موقع و محل پر استعمال کریں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم اخلاق میں رحم اور عفو کو داخل کر سکیں اور پھر اس کو مناسب موقع پر استعمال بھی کر سکیں۔ ہمارے غصے اور ناراضگیاں خدا کے لئے ہوں نہ کہ اپنے غضب کے ماتحت۔ خدا ہم سب کو اس کی توفیق دے۔ آمین

خطبہ ثانیہ میں فرمایا:۔

نماز کے بعد آج دو جنازے پڑھے جائیں گے۔ احباب کو چاہئے کہ ان میں شامل ہوں۔ پہلا جنازہ چیف مہدی گولڈ کوسٹ (افریقہ) کا ہے جو فوت ہو گئے ہیں۔ یہ بہت مخلص احمدی تھے۔ وہ ابھی احمدی نہیں ہوئے تھے کہ انہیں رویا میں ایک سفید آدمی کے آنے کے متعلق بتایا گیا کہ وہ آ کر مہدی معہود کی خبر دے گا۔ ان کے نزدیک ہم بھی سفید آدمی ہیں۔ گو انگریزوں کے نزدیک ہم کالے ہیں مگر وہاں کے لوگوں کی رنگت کے بالمقابل ہندوستان کے باشندوں کی رنگت سفید ہی سمجھی جاتی ہے۔ ان کی رویا کو ماسٹر عبدالرحیم صاحب نیر نے وہاں جا کر پورا کیا جب ماسٹر صاحب وہاں پہنچے۔ تو انہوں نے خود آ کر بیان کیا کہ میں نے یہ رویا دیکھی تھی جو آپ کے ذریعہ پوری ہو گئی۔ اس علاقہ میں وہ سب سے پہلے احمدیت میں داخل ہوئے اور پھر ہزار ہا آدمی ایسے پیدا کر دیئے جنہوں نے (دین) قبول کر لیا۔ ماسٹر عبدالرحیم صاحب کے وہاں پہنچنے پر وہ خود بھی اور باقی کے سارے کے سارے اشخاص بھی احمدی ہو گئے۔ ان کے دل میں (دعوت الی اللہ) کا بہت جوش تھا اور ہمارے (مربیان) کی انہوں نے مدد بھی بہت کی۔ اب تار آئی ہے کہ وہ تھوڑی سی بیماری کے بعد فوت ہو گئے ہیں۔ ایک جنازہ تو ان کا ہے جو میں پڑھوں گا۔

دوسرا جنازہ خیر دین صاحب کچھاماڑی واڑہ کا ہے جو اپنے گاؤں میں فوت ہو گئے ہیں۔ ان کا جنازہ غیر احمدیوں نے پڑھا ہے اور میں نے یہ اعلان کیا ہوا ہے کہ ان لوگوں کا جنازہ بھی پڑھا کروں گا۔ جو یا تو جماعت میں دینی خدمات کی وجہ سے مشہور ہوں یا ان کا جو کسی ایسی جگہ فوت ہوں جہاں ان کا جنازہ پڑھنے والے احمدی نہ ہوں۔ یا اگر ہوں تو بہت کم ہوں۔ سو ہمارا یہ بھائی جہاں فوت ہوا ہے وہاں اس کا جنازہ پڑھنے والے احمدی کوئی نہ تھے۔ اس لئے میں اس کا بھی جنازہ پڑھوں گا۔

اور جہاں میں یہ جنازے پڑھوں گا وہاں میں باہر کی جماعتوں سے بھی کہتا ہوں کہ وہ ایسے جنازے پڑھا کریں تا کہ ایک دوسرے کی مدد اور ایک دوسرے کے رنج وغم میں شریک ہونے کا احساس پیدا ہو۔ اس وقت ہم دنیا میں تھوڑے ہیں اور ہمیں اگر اپنے بھائیوں کے ساتھ ہمدردی نہ پیدا ہو۔ تو یہ ایک قابل افسوس بات ہوگی۔ پس میں باہر کی جماعتوں سے بھی کہتا ہوں کہ وہ بھی ایسے جنازے پڑھا کریں تا کہ لوگوں کو معلوم ہو کہ ہمارے آپس کے تعلقات بہت گہرے ہیں اور ہم میں ایک دوسرے کا احساس بے حد ہے۔ پھر احمدیوں کو اور دوسروں کو بھی معلوم ہو جائے۔ جن احمدیوں کا جنازہ پڑھنے والا کوئی نہیں ہوتا۔ ان کا جنازہ پڑھنے والی ساری جماعت ہوتی ہے اور ساری جماعت کی دعائیں ان کے ساتھ ہوتی ہیں۔

(الفضل 10 نومبر 1925ء)

ماخوذ

184 ممالک کی عالمی جرائم کی روک تھام کے لئے تنظیم

انٹرنیشنل کریمینل پولیس آرگنائزیشن (انٹرپول)

یہ ایک خودمختار ادارہ ہے جس کا آئین 50 دفعات پر مشتمل ہے

بین الاقوامی سطح پر ہونے والے جرائم کی روک تھام اور بیرون ملک فرار ہونے والے ملزموں کی متعلقہ ممالک کو واپسی کے لئے 82 سال قبل ایک ادارہ بنایا گیا جسے ''انٹرنیشنل کریمینل پولیس آرگنائزیشن'' (آئی سی پی او) کا نام دیا گیا۔ اسے مختصراً انٹرپول یا انٹرنیشنل پولیس بھی کہا جاتا ہے۔ 1921ء میں اس ادارے کے قیام کی ابتدائی کوششوں کا آغاز ہوا تھا۔ اس وقت کئی ایسے واقعات سامنے آرہے تھے۔ جن میں بعض افراد مختلف حوالوں سے جرائم کرکے بیرون ملک فرار ہوجاتے تھے اس طرح ایک طرف تو ایسے افراد اپنے ملک کے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی پہنچ سے خود بھی بچ جاتے اور دوسرے ملزموں کو قانون سے بچنے کے لئے راستہ دکھا دیتے تھے۔

انٹرپول کی بنیاد 24 ممالک نے مناکو میں رکھی تھی جہاں طویل مذاکرات کے بعد اس کے قیام کی منظوری دی گئی۔ تاہم اس کے ساتھ ساتھ اس کے رکن ممالک کی تعداد بڑھتی رہی۔ اب یہ تعداد 184 ہے۔ اس کے علاوہ انٹرپول 11 علاقہ جات کو بھی کنٹرول کرتی ہے۔ انٹرپول میں سب سے زیادہ افریقی ممالک ہیں۔ اس کے بعد براعظم یورپ، ایشیا، امریکہ اور آسٹریلیا کے ممالک کی تعداد ہے۔ اس تنظیم میں امریکہ، روس، چین، آسٹریلیا، فرانس، برطانیہ، جاپان، جرمنی، پاکستان، سعودی عرب، بھارت، اسرائیل، نیوزی لینڈ اور مصر بھی شامل ہیں۔

انٹرپول میں شمولیت کے لئے امیدوار ملک انٹرپول کے سیکرٹری جنرل کو درخواست دیتا ہے جس پر انٹرپول کی جنرل اسمبلی میں ووٹنگ کرائی جاتی ہے۔ 66 فیصد ووٹ ملنے پر وہ تنظیم کا رکن بن جاتا ہے۔ اگر تنظیم کا کوئی رکن اس کے دستور کی خلاف ورزی کرے تو جنرل اسمبلی کے ارکان اس کی رکنیت کو معطل کرسکتے ہیں۔ یوگوسلاویہ کی رکنیت اسی بنیاد پر معطل کردی گئی تھی۔ تاہم معاملات طے پاجانے کے بعد رکنیت بحال کردی گئی۔ انٹرپول ایک خودمختار ادارہ ہے اور اس کا تحریری آئین 50 دفعات اور 56 ضوابط پر مشتمل ہے۔

انتظامی سہولت کے لئے انٹرپول کے چار براعظموں یورپ، امریکہ، ایشیا اور افریقہ میں الگ الگ ادارے بنائے گئے ہیں۔ جن کا سال میں کم از کم ایک اجلاس ضرور طلب کیا جاتا ہے۔ انٹرپول کے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے رکن ممالک ہر سال ایک معین رقم تنظیم کو ادا کرتے ہیں۔

انٹرپول کے تین اہم بنیادی اداروں میں جنرل اسمبلی ایگزیکٹو کمیٹی اور سیکرٹریٹ شامل ہیں جو فیصلوں کا نفاذ اور انتظامی معاملات کو کنٹرول کرتے ہیں۔ ہر رکن ملک میں تنظیم کا ایک ذیلی دفتر ہوتا ہے جسے نیشنل سنٹرل بیورو ''این سی بی'' کہا جاتا ہے۔

انٹرپول کی ایگزیکٹو کمیٹی 13 ارکان پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس میں ایک صدر اور 3 نائب صدر ہوتے ہیں۔ صدر اور نائب صدور کا انتخاب مناسب نمائندگی کے لئے الگ الگ براعظموں سے کیا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ اس کمیٹی کے 9 ارکان ہوتے ہیں۔ ایگزیکٹو کمیٹی کے صدر کا انتخاب جنرل اسمبلی 4 سال کے لئے کرتی ہے۔ نائب صدر اور دیگر ارکان کو تین تین سال کے لئے منتخب کیا جاتا ہے۔

انٹرپول میں سیکرٹریٹ ایک مستقل انتظامی و تکنیکی ادارے کی حیثیت رکھتا ہے۔ جنرل اسمبلی، ایگزیکٹو کمیٹی اور انٹرپول کے دوسرے ذیلی اداروں کا انتظام سنبھالنے کے لئے سیکرٹریٹ مرکزی کردار ادا کرتا ہے۔ سیکرٹریٹ کا سربراہ سیکرٹری جنرل کہلاتا ہے۔ جس کا تقرر جنرل اسمبلی اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان مل کر 5 سال کے لئے کرتے ہیں۔ انٹرپول میں سیکرٹری جنرل کا عہدہ بہت اہم کردار ادا کرتا ہے۔ وہ اپنے معاملات میں جنرل اسمبلی کو جواب دہ ہوتا ہے۔ اس عہدہ پر متعین ہونے والا افراد اعلیٰ پیشہ وارانہ مہارت اور تجربہ رکھنے والی شخصیت ہوتا ہے۔

انٹرپول کا قیام اقوام متحدہ کے قیام سے کافی پہلے ہوچکا تھا۔ تاہم 1945ء کے بعد اس نے اقوام متحدہ کے ساتھ مل کر کام کرنا شروع کردیا۔ 1971ء میں معاشی و سماجی کونسل کے ساتھ اس کا معاہدہ ہوا۔ 1996ء میں انٹرپول کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں مبصر کی حیثیت ملی تھی۔

یہ تنظیم عالمی سطح پر ہونے والی دہشت گردی کے تدارک کے لئے اس میں ملوث افراد کی نشاندہی کرکے انہیں متعلقہ ممالک کے حوالے کرنے کا بندوبست کرتی ہے یا متعلقہ افراد کی گرفتاری کے لئے ریڈ وارنٹ (عالمی گرفتاری کا اجازت نامہ) جاری کرتی ہے۔ اگر رکن ممالک کے درمیان مجرموں کے تبادلے کا معاہدہ ہو تو انٹرپول اس پر عملدرآمد کرواتی ہے۔ منشیات اور نشہ آور اشیاء کی سمگلنگ کو روکنے کے لئے بھی انٹرپول خصوصی کاوشیں کرتی ہے۔ بعض ممالک سے بچوں اور خواتین کو جنسی و جسمانی زیادتی کے لئے سمگل کیا جاتا ہے اس کے تدارک کے لئے بھی انٹرپول نے خصوصی ونگ بنا رکھا ہے۔ انٹرپول نے عالمی سطح پر ہونے والے جرائم کو مختلف حصوں میں تقسیم کرکے ان کے سدباب کے لئے الگ الگ شعبے بنا رکھے ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر ہونے والے اقتصادی جرائم جن میں فراڈ، بلیک منی، چوری، جعلی کرنسی، منی لانڈرنگ وغیرہ شامل ہیں۔ ان کے سدباب کے لئے رکن ممالک کو معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔ بعض جرائم میں ملزم اعلیٰ ذہانت اور جدید آلات کو استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً کمپیوٹر وائرس حملے، سائبر کرائم، پے منٹ کارڈ اور کریڈٹ کارڈ فراڈ اور ای میل کے ذریعے دھوکہ دے کر رقم بٹورنے والے ملزموں کے بارے میں انٹرپول رکن ممالک کو آگاہ کرتی ہے۔ ان کے بارے میں معلومات، ان کے سابقہ جرائم کی تفصیلات مہیا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ انٹرپول مختلف سامان سٹاک رکھنے والوں، ادویات ساز اداروں، انٹرنیٹ خدمات مہیا کرنے والے اداروں، سافٹ ویئر کمپنیوں اور مرکزی بینکوں کے ساتھ تعاون کرکے صارفین کو مجرموں کے ہاتھوں لٹنے سے بچانے کے لئے اپنا کردار ادا کررہی ہے۔ انٹرپول گاڑیاں چوری کرنے والے ملزموں کے خلاف بھی خصوصی کوششیں کررہی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق ہر سال مختلف ممالک سے 31 لاکھ کے قریب گاڑیاں چوری ہوجاتی ہیں۔ جن کی مالیت 22 ارب ڈالر کے قریب بنتی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کی رپورٹ کے مطابق ترقی پذیر ممالک میں 60 فیصد اموات جعلی ادویات کے استعمال سے ہورہی ہیں۔ انٹرپول گاڑیاں چوری کرنے اور جعلی ادویات کی سمگلنگ کرنے والے ملزموں کا باقاعدہ ڈیٹا اکٹھا کرتی ہے اور ان کی ماضی کی وارداتوں کی تفصیلات متعلقہ ممالک کو فراہم کرتی ہے اس طرح ان معلومات سے رکن ممالک کو ملزم گرفتار کرنے میں آسانی رہتی ہے۔ انٹرپول کی کارروائیاں مرکزی طور پر تین طرح کے عوامل پر مشتمل ہیں۔ اول بین الاقوامی سطح پر بنائی گئی پولیس فورس کے رابطوں کو تحفظ فراہم کرنا، دوم دنیا بھر کی پولیس کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کرنا اور سوم ہفتے کے ساتویں یوم کو 24 گھنٹے دنیا بھر کی پولیس کے درمیان کمیونیکیشن کا نظام بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھنا ہے۔

انٹرپول جدید تقاضوں کے مطابق اپنے ڈیٹا کو بھی اپ ڈیٹ کرتی رہتی ہے۔ اس مقصد کے لئے بین الاقوامی سطح پر جرائم کرنے والے ملزموں کے نام، پتہ، فنگر پرنٹس، تصاویر، ڈی این اے اور چرائی گئی پراپرٹی، پاسپورٹس، گاڑیوں، آرٹ کے نمونوں اور دوسری اشیاء کی تفصیلات اکٹھی کرکے رکن ممالک کو فراہم کی جاتی ہیں۔

اپنے ملک سے فرار ہونے والے ملزموں کی ان کے ملک کو حوالگی کے لئے انٹرپول بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ قانون کی خلاف ورزی کرکے ملک بدر ہونے والے افراد بعض اوقات بین الاقوامی سطح پر عوامی تحفظ کے لئے خطرہ بن جاتے ہیں۔ بعض ایسے افراد یا ملزم موقع کی تلاش میں رہتے ہیں اور گرفتاری سے بچنے کے لئے مزید غیر قانونی اقدامات میں ملوث ہوجاتے ہیں۔ اپنے غیر قانونی اقدامات کے دوران وہ کسی سیاسی یا جغرافیائی حد کا لحاظ نہیں کرتے۔ جس کی وجہ سے ان کے جرائم ایک ملک سے دوسرے ممالک تک پھیلتے جاتے ہیں۔ بین الاقوامی مفروروں کے حوالے سے انٹرپول اپنے ابتدائی دور سے ہی کارروائیاں کررہی ہے۔

انٹرپول مفرور ملزموں، خفیہ ہتھیاروں، القاعدہ اور طالبان سے تعلق رکھنے والے افراد اور نعشوں کی شناخت کے لئے 7 مختلف رنگوں کے نوٹس جاری کرتی ہے۔ ہر نوٹس کا رنگ اس کی مختلف اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ ان نوٹسوں کو چار زبانوں عربی، ہسپانوی، انگلش اور فرانسیسی میں تحریر کرکے تمام رکن ممالک کی ویب سائٹس پر جاری کردیا جاتا ہے۔ کچھ عرصہ قبل بے نظیر بھٹو اور ان کے شوہر آصف علی زرداری کے بارے میں انٹرپول نے سرخ نوٹس جاری کیا تھا۔ جس کی وجہ سے ملک میں سیاسی سطح پر ارتعاش پیدا ہوگیا ہے۔ انٹرپول کے سرخ نوٹس کئی ممالک میں قانونی وزن رکھتے ہیں کیونکہ یہ ملک بدر افراد کی گرفتاری کے لئے پیشگی اطلاع کا درجہ رکھتے ہیں۔ بنیادی طور پر سرخ نوٹس سے مراد کسی شخص کی گرفتاری کے لئے جسے چیلنج کرنے کا حق ہے تنظیم کے رکن ممالک کو اس کے کوائف جاری کئے جاتے ہیں۔ سرخ نوٹس بین الاقوامی گرفتاری کا وارنٹ نہیں ہوتا (کیونکہ گرفتاری کے لئے ریڈ وارنٹ جاری کیا جاتا ہے) دراصل سرخ نوٹس ظاہر کرتا ہے کہ ملک بدر شخص بین الاقوامی کریمینل ٹریبونل کو مطلوب ہے اور انٹرنیشنل پولیس اس بارے میں اس ملک کی قومی پولیس فورس کو آگاہ کرتی ہے یا وہ جگہ بتاتی ہے جہاں ایسا شخص موجود ہوتا ہے یا چھپا ہوتا ہے۔ سرخ نوٹس بین الاقوامی سطح پر تمام رکن ممالک کو جاری کیا جاتا ہے تاکہ مطلوبہ فرد کی نشاندہی ممکن ہوسکے۔ سرخ نوٹس کی دو اقسام ہیں۔ اول قسم ایسے افراد کے بارے میں استعمال ہوتی ہے جنہیں گرفتار کرکے عدالتی کارروائی کرنا مقصود ہو۔ دوسرا سرخ نوٹس وہ ہوتا ہے جو کسی ملک بدر شخص کے خلاف عدالتی فیصلہ ہوجانے کے بعد اس کی گرفتاری کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ باقی 6 رنگوں کے نوٹس کی تفصیل اس طرح ہے۔

عادی جرائم پیشہ اور کسی مافیا سے تعلق رکھنے والے ملزموں کے بارے میں ضروری اطلاعات اور خبردار کرنے کے لئے ''سبز نوٹس'' جاری کیا جاتا ہے۔ ایسے ملزموں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے جو لاپتہ ہوں یا جن کے بارے میں انٹرپول کے پاس معلومات کم ہوں، انٹرپول ''پیلا نوٹس'' جاری کرتی ہے۔ اگر کسی مفرور ملزم کے بارے میں اضافی معلومات درکار ہوں تو انٹرپول اس کے بارے میں ''نیلا نوٹس'' مشتہر کرتی ہے۔ ''زرد نوٹس'' دراصل پارسل بموں، خفیہ ہتھیاروں اور خطرناک مواد کے بارے میں ملنے والی معلومات تمام رکن ممالک کو فراہم کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ 11 ستمبر 2001ء میں نیویارک میں ہونے والے دھماکوں کے بعد القاعدہ اور طالبان سے متعلقہ افراد کے خلاف انٹرپول سے بھی مدد لی جارہی ہے۔ القاعدہ اور طالبان سے تعلق رکھنے والے افراد کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے خصوصی نوٹس جاری کئے گئے ان نوٹس کا رنگ سفید ہونے کی وجہ سے انہیں ''سفید نوٹس'' بھی کہا جاتا ہے۔ دہشت گردوں اور بعض دوسرے ملزموں کی ہلاکت کے بعد ان کی نعشوں کی شناخت کروانے کے لئے رکن ممالک کو ان کی تصاویر، فنگر پرنٹس اور دوسری معلومات پر مبنی نوٹس جاری کئے جاتے ہیں۔ ان نوٹس کا رنگ ''سیاہ'' ہوتا ہے۔ اس لئے انہیں ''کالا نوٹس'' کہا جاتا ہے۔

بعض نوٹس کے ذریعے متعلقہ اشخاص کو وارننگ دی جاتی ہے۔ تاہم جرم ثابت ہونے تک اسے بے گناہ تصور کیا جاتا ہے۔ انٹرپول اپنی ویب سائٹ پر تمام مطلوبہ افراد کی لسٹ جاری نہیں کرتی بلکہ وہ نوٹس ویب سائٹ پر دکھائے جاتے ہیں جن کی تصدیق ہوچکی ہوتی ہے۔

انٹرپول بین الاقوامی سطح پر ملزموں یا مفروروں کی گرفتاری کے لئے ''ریڈ وارنٹ'' جاری کرتی ہے۔ 11 ستمبر 2001ء کے نیویارک دھماکوں کے بعد ایف بی آئی اور امریکی وزارت انصاف کی جانب سے قرار دیئے جانے والے 22 مبینہ دہشت گردوں کے خلاف بھی انٹرپول نے فوری گرفتاری کے لئے ''ریڈ وارنٹ'' جاری کئے تھے۔ اس کے بعد انٹرپول نے درجنوں مزید ملزموں کے ریڈ وارنٹ بھی جاری کئے تھے۔

بعض ممالک اپنی وزارت داخلہ کی رپورٹس کو بنیاد بنا کر بھی انٹرپول کو مطلوب افراد کی فہرست پیش کرتے ہیں۔ 4 جنوری 2002ء کو بھارت نے انٹرپول کو 170 مطلوب افراد کی فہرست پیش کی تھی۔ اس فہرست میں بعض کشمیری مجاہدین لیڈروں کے علاوہ بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش، کینیڈا اور امریکہ، جرمنی، بیلجیئم اور نیپال میں موجود افراد کے نام بھی شامل تھے۔ تاہم یہ ضروری نہیں کہ تمام متعلقہ ممالک ایسے افراد کو فوری طور پر مطلوب ملک کے حوالے کر دیں۔

(جنگ سنڈے میگزین 12 فروری 2006ء)

کرکٹ کا نواں عالمی کپ

13 مارچ تا 28 اپریل 2007ء

دنیا میں مختلف کھیلوں کے عالمی مقابلہ جات ہوتے رہتے ہیں۔ کرکٹ کے عالمی کپ کا آغاز 1975ء سے ہوا یہ جو انگلینڈ میں کھیلا گیا۔ یہ ٹورنامنٹ آئی سی سی ہر چوتھے سال منعقد کرتی ہے۔ 13 مارچ 2007ء سے ویسٹ انڈیز میں نویں عالمی کرکٹ کپ کا آغاز ہو رہا ہے۔ 1975ء اور 1979ء کا کپ ویسٹ انڈیز نے جیتا 1983ء میں یہ کارنامہ انڈیا نے سرانجام دیا۔ 1987ء میں عالمی کپ آسٹریلیا کے قبضہ میں آیا۔ 1992ء میں ہونے والے عالمی کپ کا فاتح پاکستان تھا۔ 1996ء میں سری لنکا کے سر پر یہ تاج سجا جبکہ 1999ء اور 2003ء کا عالمی چمپیئن آسٹریلیا رہا۔

اس طرح دنیائے کرکٹ کی دو مضبوط اور پرانی ٹیمیں یعنی انگلینڈ اور جنوبی افریقہ ابھی تک عالمی کپ میں کامیابی حاصل نہیں کرسکیں۔ جبکہ آسٹریلیا تین اور ویسٹ انڈیز دو مرتبہ فاتح رہے۔

نویں عالمی کرکٹ کپ میں سولہ ٹیموں کو چار گروپوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ گروپ اے میں آسٹریلیا۔ جنوبی افریقہ سکاٹ لینڈ اور ہالینڈ، گروپ بی میں سری لنکا، بھارت، بنگلہ دیش اور برمودا، گروپ سی میں نیوزی لینڈ، انگلینڈ، کینیا اور کینیڈا، گروپ ڈی میں پاکستان، ویسٹ انڈیز زمبابوے اور آئر لینڈ شامل ہیں۔ ان گروپس میں ہر ٹیم اپنے گروپ کی تینوں ٹیموں سے ایک ایک میچ کھیلے گی۔ ہر گروپ کی پہلی دو ٹیمیں دوسرے راؤنڈ یعنی سپر 8 کے لئے کوالیفائی کریں گی۔ دوسرے راؤنڈ میں پہنچنے والی آٹھوں ٹیمیں اپنے گروپ کی دوسری ٹیم کے علاوہ باقی تین گروپوں سے کوالیفائی کرنے والی چھ ٹیموں سے ایک ایک میچ کھیلے گی اس دوسرے راؤنڈ میں پہلی چار ٹیمیں سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کریں گے۔ اس طرح اس ٹورنامنٹ میں کل 51 میچز ہوں گے۔ گروپ اے کے میچز سینٹ کٹس، گروپ بی کے میچز ٹرینیڈاڈ وٹوباگو، گروپ سی کے میچز سینٹ لوسیا گروپ ڈی کے میچز جمیکا میں کھیلے جائیں گے۔ ورلڈ کپ کا افتتاحی میچ 13 مارچ کو پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ہو گا۔

پول میچز

تاریخ	ٹیمیں
13 مارچ	ویسٹ انڈیز بمقابلہ پاکستان
14 مارچ	آسٹریلیا بمقابلہ سکاٹ لینڈ، کینیا بمقابلہ کینیڈا
15 مارچ	سری لنکا بمقابلہ برمودا، زمبابوے بمقابلہ آئر لینڈ
16 مارچ	جنوبی افریقہ، بمقابلہ ہالینڈ، انگلینڈ بمقابلہ نیوزی لینڈ
17 مارچ	بھارت بمقابلہ بنگلہ دیش، پاکستان بمقابلہ آئر لینڈ
18 مارچ	آسٹریلیا بمقابلہ ہالینڈ، انگلینڈ بمقابلہ کینیڈا
19 مارچ	بھارت بمقابلہ برمودا، ویسٹ انڈیز بمقابلہ زمبابوے
20 مارچ	جنوبی افریقہ بمقابلہ سکاٹ لینڈ، نیوزی لینڈ بمقابلہ کینیا
21 مارچ	سری لنکا بمقابلہ بنگلہ دیش، زمبابوے بمقابلہ پاکستان
22 مارچ	سکاٹ لینڈ بمقابلہ ہالینڈ، نیوزی لینڈ بمقابلہ کینیڈا
23 مارچ	بھارت بمقابلہ سری لنکا، ویسٹ انڈیز بمقابلہ آئر لینڈ
24 مارچ	آسٹریلیا بمقابلہ جنوبی افریقہ، انگلینڈ بمقابلہ کینیا
25 مارچ	برمودا بمقابلہ بنگلہ دیش

توکل

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

اصل میں توکل ہی ایک ایسی چیز ہے کہ انسان کو کامیاب و بامراد بنا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ (۔) (الطلاق: 4) جو اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو کافی ہوجاتا ہے بشرطیکہ سچے دل سے توکل کے اصلی مفہوم کو سمجھ کر صدق دل سے قدم رکھنے والا ہو اور صبر کرنے والا اور مستقل مزاج ہو۔ مشکلات سے ڈر کر پیچھے نہ ہٹ جاوے۔ دنیا گذشتنی اور گذاشتنی ہے اور اس کے کام بھی ایسے ہی ہیں۔ پس انسان کو لازم ہے کہ اس کا غم نہ کرے اور آخرت کا فکر زیادہ رکھے۔ اگر دین کے غم انسان پر غالب آجاویں تو دنیا کے کاروبار کا خود متکفل ہوجاتا ہے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 543)

سپر ایٹ (8) سیریز

تاریخ	ٹیمیں
27 مارچ	رنراپ ڈی بمقابلہ ونر اے
28 مارچ	رنراپ اے بمقابلہ ونر بی
29 مارچ	رنراپ ڈی بمقابلہ ونر سی
30 مارچ	ونر ڈی بمقابلہ رنراپ سی
31 ماچ	ونر اے بمقابلہ رنراپ بی
یکم اپریل	رنراپ ڈی بمقابلہ ونر بی
2 / اپریل	رنراپ بی بمقابلہ ونر سی
3 / اپریل	ونر ڈی بمقابلہ رنراپ اے
4 / اپریل	رنراپ سی بمقابلہ ونر بی
7 / اپریل	رنراپ بی بمقابلہ رنراپ اے
8 / اپریل	ونر اے بمقابلہ رنراپ سی
9 / اپریل	ونر ڈی بمقابلہ ونر سی
10 / اپریل	رنراپ ڈی بمقابلہ رنراپ اے
11 / اپریل	رنراپ سی بمقابلہ رنراپ بی
12 اپریل	ونر بی بمقابلہ ونر سی
13 / اپریل	ونر اے بمقابلہ ونر ڈی
14 / اپریل	رنراپ اے بمقابلہ ونر سی
15 / اپریل	ونر اپ بی بمقابلہ ونر ڈی
16 / اپریل	ونر اے بمقابلہ ونر بی
17 / اپریل	رنراپ اے بمقابلہ رنراپ سی
18 / اپریل	ونر ڈی بمقابلہ ونر بی
19 / اپریل	رنراپ ڈی بمقابلہ رنراپ بی
20 / اپریل	ونر اے بمقابلہ ونر سی
21 / اپریل	رنراپ ڈی بمقابلہ رنراپ سی
سیمی فائنلز	
24 / اپریل	سپر ایٹ 2 بمقابلہ سپر ایٹ 3
25 / اپریل	سپر ایٹ 1 بمقابلہ سپر ایٹ 4

فائنل

بارباڈوس میں 28 / اپریل 2007ء کو کھیلا جائے گا۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 66746 میں شاہدہ قاسم

زوجہ محمد قاسم قوم اعوان پیشہ خانہ داری عمر 22 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر و اکراہ آج بتاریخ 5-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر بذمہ خاوند -/25000 روپے(2) طلائی زیور 1 تولہ مالیتی -/15000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ شاہدہ قاسم گواہ شد نمبر 1 محمد قاسم خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 محمد اشرف ولد چوہدری احمد دین

مسل نمبر 66747 میں ریحانہ کوثر

زوجہ بشارت محمود قوم راجپوت پیشہ خانہ داری عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 01-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) طلائی زیور 34-810 گرام مالیتی -/39330 روپے(2) حق مہر بذمہ خاوند -/10000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ریحانہ کوثر گواہ شد نمبر 1 سعادت محمود خان وصیت نمبر 54006 گواہ شد نمبر 2 بشارت محمود خان ولد گل نور خان

مسل نمبر 66748 میں عبداللطیف گل

ولد شاہ محمد (مرحوم) قوم گل پیشہ کاروبار عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی بشیر ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 1-2-07 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد و منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) 10 مرلہ واقع مالیتی نصیر آباد رحمان ربوہ مالیتی اندازاً -/1000000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/5000 روپے ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی آمد یا جائیداد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہو گی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد عبداللطیف گل گواہ شد نمبر 1 ملک مبشر احمد یاور ولد ملک شریف احمد گواہ شد نمبر 2 مقبول احمد خالد ولد محمد اسمٰعیل (مرحوم)

مسل نمبر 66749 میں کوثر بی بی

زوجہ لطیف احمد گل قوم گل پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم جنوبی بشیر ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-2-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد و منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ طلائی زیور 1/2 تولہ اندازاً مالیتی -/6000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی آمد یا جائیداد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ کوثر بی بی گواہ شد نمبر 1 ملک مبشر احمد خاور گواہ شد نمبر 2 عبداللطیف گل خاوند موصیہ

مسل نمبر 66750 میں عطیۃ المالک

بنت بشارت الرحمٰن (مرحوم) قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 23 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت شرقی ب ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 27-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد و منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی آمد یا جائیداد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ عطیۃ المالک گواہ شد نمبر 1 مبشر احمد ولد بشارت الرحمٰن (مرحوم) گواہ شد نمبر 2 امتیاز احمد جاوید ولد جاوید احمد جاوید

مسل نمبر 66751 میں امۃ السمیع

زوجہ راجہ صوبہ خان قوم چیمہ پیشہ خانہ داری عمر 72 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت شرقی الف ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 15-10-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد و منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔(1) حق مہر -/2000 روپے (2) طلائی زیور 5 تولے مالیتی اندازاً -/60000 روپے (3) مکان برقبہ 1 کنال واقع دارالرحمت شرقی الف ربوہ مالیتی -/3000000 روپے اس وقت مجھے مبلغ 573+500 روپے ماہوار بصورت پنشن + جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ امۃ السمیع گواہ شد نمبر 1 مرزا عبدالحکیم وصیت 10709 گواہ شد نمبر 2 عبدالرشید منگلا وصیت نمبر 22077

مسل نمبر 66752 میں سدرہ ہُما

بنت اقبال محمود قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت وسطی نمبر 2 ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 30-1-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہو گی اس وقت میری کل جائیداد و منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ طلائی زیور 6.200 گرام مالیتی اندازاً -/7000 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ سدرہ ہُما گواہ شد نمبر 1 سید مبشر احمد وصیت نمبر 24194 گواہ شد نمبر 2 محمد لئیق ولد محمد رفیق

مسل نمبر 66753 میں یاسر محمود

